اے دل نصیحة سن میري دنیا کا مت تو یار ھو
یاري جس نے اس سے کي آخر گیا وہ خوار ھو

مشغول مت ھو رات دن دنیا کے تو احوال پر
بھولے تو مت رب کي ذکر دنیا میں دنیا دار ھو

دنیا سمندر پور ھے اس میں تو دل اب کر فکر
علم و عمل کے ناو پر چڑھ کر شتابي پار ھو

دنیا مثل ھے جیو تن ساتھي پھرے چوگان میں
گر پاس ھو زر عقل کا اس کا تو خرچي دار ھو

مت تو گنہ کے بھار کو سر پر اوٹھا دنیا سے چل
آخر نبھیگا نھیں درد نت ھے کٹھن ھشیار ھو

ٹھوکر لگے گي پاؤں میں کیوں کر بڑھے گا راہ میں
ٹوٹینگے تیرے دانت پھر آوے گا ھر گل خار ھو

رحمة ملے تربة منے ھووے صفا سب عیب سے
اس واسطے بدر الھدی کا تو یھاں خدمة گار ھو